قائداعظم ٹرافی فرسٹ الیون ٹورنامنٹ کے پانچویں راؤنڈ کا پہلا روز مکمل

- بلوچستان کے عمران بٹ اور عمران فرحت کی خیبرپختونخوا کے خلاف ناقابل شکست سنچریاں
- ذیشان ملک اورعمر امین کے درمیان343 رنز کی ناقابل شکست شراکت، ذیشان ملک کی ڈبل سنچری
- سنٹرل پنجاب کی لڑکھڑاتی بیٹنگ کو وکٹ کیپر بیٹسمین کامران اکمل نے سہارا دیا

لاہور،28 اکتوبر 2019ء:

بگٹی اسٹیڈیم کوئٹہ میں بلوچستان نے خیبرپختونخوا کےخلاف پہلی اننگز میں عمران بٹ اور عمران فرحت کی ناقابل شکست سنچریوں کی بدولت3 وکٹوں کے نقصان پر 341 رنز بنالیے ہیں۔ اس سے قبل خیبرپختونخوا کے کپتان صاحبزادہ فرحان نے ٹاس کئے بغیر پہلے باؤلنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔بلوچستان کی پہلی وکٹ 27کے مجموعی اسکور پر اس وقت گری جب عظیم گھمن 3 رنز بنا کرعمران خان سینئر کی گیند پر آوٹ ہوکر پویلین واپس لوٹ گئے۔ دوسری وکٹ کے لیے عمران بٹ اور اویس ضیاءکے درمیان 85 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ اویس ضیاء69 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ابوبکر خان 1 رنز پر وکٹ گنوا بیٹھے تاہم عمران بٹ نے دوسر ے اینڈ سے ذمہ دارانہ کھیل کامظاہرہ کیا اور چوتھی وکٹ کے لیے عمران فرحت کے ہمراہ 227 رنز کی شراکت قائم کی۔ دن کے اختتام پر عمران بٹ 135 اور عمران فرحت 114 رنز بنا کر کریز پر موجود ہیں۔ خیبرپختونخوا کی جانب سے عمران خان سینئر اور عثمان شنواری نے 1،1 وکٹ حاصل کی۔

دوسری جانب جناح اسٹیڈیم سیالکوٹ میں ناردرن نے پہلی اننگز میں اوپنر ذیشان ملک اور عمران بٹ کی عمدہ بیٹنگ کی بدولت سدرن پنجاب کے خلاف 1 وکٹ کے نقصان پر 384رنز بنالیے ہیں۔ اس سے قبل ناردرن کے کپتان روحیل نذیر نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ محض 41رنز پر پہلی وکٹ گرنے کے بعد نوجوان اوپنر ذیشان ملک

اور نائب کپتان عمر امین نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا۔ دوسری وکٹ کے لیے ذیشان ملک اور عمر امین کے درمیان 343 رنز کی ناقابل شکست شراکت قائم ہوئی۔ ذیشان ملک نے 27 چوکوں ا ور 5 چھکوں کی مدد سے 204 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔بائیں ہاتھ کے بلے باز عمر امین 20 چوکوں اور 2 چھکوں کی مدد سے 153 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ ہیں۔ دونوں کھلاڑی میچ کے دوسرے روز ناردرن کی جانب سے کھیل کا دوبارہ آغاز کریں گے۔سدرن پنجاب کی جانب سے میچ کے پہلے روز واحد وکٹ فاسٹ باؤلر راحت علی نے حاصل کی۔

ادھر اقبال ا سٹیڈیم فیصل آباد میں سنٹرل پنجاب نے کامران اکمل کی ذمہ دارانہ بیٹنگ کی بدولت ناردرن کے خلاف 7وکٹوں کے نقصان پر 263رنز بنالیے۔ اس سے قبل سندھ کے کپتان سرفراز احمد نے ٹاس کئے بغیر پہلے باؤلنگ کا فیصلہ کیا۔ مضبوط بیٹنگ لائن کپ کے باجو د سنٹرل پنجاب کے ابتدائی3 کھلاڑی محض 38 رنز پرآوٹ ہوکر پویلین واپس لوٹ گئے۔ سلمان بٹ16، اظہر علی 1اورعمر اکمل 13 کے انفرادی اسکور پر آوٹ ہوئے۔تجربہ کار وکٹ کیپر بیٹسمین کامران اکمل نے ذمہ دارانہ کھیل کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے اوپنر احمد شہزاد اور عثمان صلاح الدین کے ہمراہ بالترتیب86 اور 66 رنز کی شراکت قائم کرکے ٹیم کو مشکلات کے بھنور سے نکالنے میں مدد دی۔ 99 گیندوں کا سامنا کرنے والے وکٹ کیپر بیٹسمین کامران اکمل13 چوکوں اور 2 چھکوں کی مدد سے90 رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔ دن کے اختتام پر فہیم اشرف 22 اور احسان عادل 9رنز بنا کر کریز پر موجود ہیں۔ میچ کے پہلے روز سندھ کی جانب سے میر حمزہ ، تابش خان اور کاشف بھٹی نے 2،2 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk